Alberta

نیوز رِیلیز

بجٹ 2023ء: البرٹنز کو سپورٹ کرنا

28 فروری، 2023ء

بجٹ 2023ء روزمرہ کی ضروریات کے زیادہ اخراجات کا سامنا کرنے والے البرٹنز کو ریلیف فراہم کرکے البرٹا کے مستقبل کو محفوظ بنا رہا ہے۔

بجٹ یوٹیلیٹی کے زیادہ اخراجات کے لئے ریلیف کو بڑھاتا ہے اور سماجی خدمات اور ذاتی نگہداشت کے شعبوں میں طلباء اور ورکروں کیلئے نئی مدد فراہم کرتا ہے۔

یوٹیلیٹی کے اخراجات کو کم کرنے کیلئے، البرٹا کی حکومت قدرتی گیس کے ریبیٹ (rebate) کے پروگرام کو مستقل طور پر بڑھا رہی ہے۔ جب بھی قدرتی گیس کی قیمتیں 6.50 ڈالر فی گیگاجول سے تجاوز کریں گی، ریبیٹ کا نفاذ ہو جائے گا۔

طلباء کی مدد کرنا

پوسٹ سیکنڈری کے طلباء کو قابل استطاعت اقدامات میں 238 ملین ڈالر نظر آئیں گے۔ بجٹ 2023ء میں گھریلو طلباء کے لئے ٹیوشن فیس میں دو فیصد اضافہ بھی شامل ہے۔ مالی امداد حاصل کرنے والے طلباء کو اپنے قرضوں کی ادائیگی میں مزید مدد ملے گی اور طلباء کے قرضوں پر سود کی شرح کو کم کرکے پرائم ریٹ پر کر دیا گیا ہے۔

خاندانوں کی امداد کرنا

اہل خاندان قابل استطاعت اقدامات سے مستفید ہوں گے بشمول جون 2023ء تک 100 ڈالر فی بچہ فی ماہ کی براہِ راست ادائیگیاں۔

تین سالوں میں مزید 90 ملین ڈالر البرٹا چائلڈ اینڈ فیملی بینیفٹ کو مہنگائی کی شرح میں شامل کریں گے، جو 2023ء میں بینیفٹ کی رقوم میں چھ فیصد اضافہ ہوگا۔

بزرگوں اور دیگر کمزور البرٹنز کی مدد کرنا

2021ء کے ٹیکس سال کی بنیاد پر 180,000 ڈالر سے کم گھریلو آمدنی والے 65 سال اور اس سے زائد عمر کے بزرگ اب بھی چھ ماہ کے لئے 100 ڈالر فی ماہ کی براہِ راست ادائیگی وصول کرنے کے اہل ہیں (جنوری 2023ء - جون 2023ء)۔

البرٹا سینئرز بینیفٹ، اے آئی ایس ایچ اور انکم سپورٹ حاصل کرنے والے البرٹنز کا چھ ماہ کے دوران 600 ڈالر کی اسی قابل استطاعت ریلیف کی ادائیگی حاصل کرنے کیلئے خود بخود اندراج ہو جاتا ہے۔

متعلقہ معلومات

Alberta.ca/Budget

میڈیا انکوائریز

شارلٹ ٹیلن (Charlotte Taillon)
charlotte.taillon@gov.ab.ca
780-932-5381
پریس سیکریٹری، ٹریژری بورڈ اینڈ فنانس

نیوز رِیلیز

البرٹا کی حکومت 2023ء میں اے آئی ایس ایچ، انکم سپورٹ اور البرٹا سینئرز بینیفٹ میں چھ فیصد اضافے کے ساتھ بزرگوں، کم آمدنی والے، اورکمزور البرٹنزکی مزید مدد کر رہی ہے۔

بجٹ 2023ء کم آمدنی والے ٹرانزٹ پاس پروگراموں کو سپورٹ کرنے کے لئے، قابل استطاعت ٹرانزٹ کے لئے 16 ملین ڈالرکی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔

سوشل سروسز اور معذوری کی خدمات کے ورکروں کی مدد کرنا

حکومت ضرورت مند لوگوں کی مدد کے لئے سوشل سروس کے مزید ورکروں کو راغب کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد کر رہی ہے۔ بجٹ 2023ء میں 2023ء - 24ء میں معذوری کی خدمات، بے گھروں کی پناہ گاہوں اور خاندانی تشدد کی روک تھام کے پروگراموں میں 20,000 سے زائد ورکروں کی اُجرتوں میں اضافہ کرنے کے لئے 102 ملین ڈالر شامل ہیں۔ یہ 24 ملین ڈالر میں شامل کیا گیا ہے جو حکومت نے فروری میں تنخواہوں میں اضافے کیلئے خدمات فراہم کرنے والوں کو مہیا کئے تھے۔

Classification: Public